
# رائے عامہ سروے | تعلیم اور اسکول کا نظام

**57٪ پپاکستانی والدین کا کہنا ہے کہ گزشتہ تین ماہ کے دوران بچوں کی تعلیمی کارکردگی پر بات چیت کیلئے والدین اور اساتذہ کی باقاعدہ میٹنگ (پی ٹی ایم) ہوئی ہے؛ شہری اسکولوں میں پی ٹی ایم کی شرح دیہی اسکولوں (52٪) کے مقابلے میں زیادہ رہی (66٪)۔**

برائے مہربانی بتائیں کہ کیا گزشتہ 3 مہینوں میں پیرینٹس ٹیچر میٹنگ ہوئی یعنی وہ میٹنگ جس میں بچے کی تعلیمی کارکردگی، رویے اور غیر نصابی سرگرمیوں پر بات چیت کی جاتی ہے؟




*Source: Gallup & Gilani Pakistan (www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk www.gilanifoundation.com)*

GALLUP PAKISTAN
Affiliated with Gallup International
Pakistan's Foremost Social Research Lab

# پریس ریلیز

رائے عامہ سروے

## تعلیم اور اسکول کا نظام

پاکستان میں اسکولوں کی صورتحال کا جائزہ لینے کے حوالے سے جاری ہونے والی پریس ریلیز 10

کیلئے والدین اور اساتذہ کی میٹنگ (PTM) اور اسکول کی سرگرمیوں میں شمولیت"

**57% پاکستانی والدین کا کہنا ہے کہ گزشتہ تین ماہ کے دوران بچوں کی تعلیمی کارکردگی پر بات چیت کیلئے والدین اور اساتذہ کی باقاعدہ میٹنگ (PTM) ہوئی ہے؛ شہری اسکولوں میں PTMs کی شرح دیہی اسکولوں (52%) کے مقابلے میں زیادہ رہی (66%)۔**

(گیلپ اینڈ گیلانی سروے)

(اسلام آباد)، 27 اگست 2026


گیلپ اینڈ گیلانی پاکستان کے ایک حالیہ سروے کے مطابق، اسکول جانے والے بچوں کے 57% والدین کا کہنا ہے کہ گزشتہ تین ماہ کے دوران بچوں کی تعلیمی کارکردگی، رویّے اور غیر نصابی سرگرمیوں پر بات چیت کیلئے والدین اور اساتذہ کی باقاعدہ میٹنگ (PTM) ہوئی ہے، جبکہ 42% والدین کے مطابق ایسی کوئی میٹنگ منعقد نہیں ہوئی۔

یہ پریس ریلیز گیلپ پاکستان کی جانب سے "پاکستان میں اسکولوں کی صورتحال کو سمجھنے" کے موضوع پر جاری ہونے والی پریس ریلیز کی سیریز کا دسواں حصہ ہے۔ اس سیریز کی پچھلی پریس ریلیز "بچوں کی اعلیٰ تعلیم کے لیے بیرونِ ملک جانے کے بارے میں والدین کی ترجیحات" تک رسائی حاصل کرنے کیلئے یہاں کلک کریں۔

اس موضوع پر تفصیلی رپورٹ گیلپ پاکستان کی ویب سائٹ پر موجود ہے، اس تک رسائی حاصل کرنے کیلئے یہاں کلک کریں۔

سروے میں ملک بھر سے شماریاتی طور پر منتخب پاکستانی والدین، جن کے بچے اس وقت اسکول میں پڑھ رہے ہیں، سے یہ سوال پوچھا گیا تھا کہ **"برائے مہربانی بتائیں کہ کیا گزشتہ 3 مہینوں میں پیرینٹس ٹیچر میٹنگ (parent-teacher meeting) ہوئی یعنی وہ میٹنگ جس میں بچے کی تعلیمی کارکردگی، رویے اور غیر نصابی سرگرمیوں پر بات چیت کی جاتی ہے؟"** اس سوال کے جواب میں، 57% والدین کے مطابق 'ہاں' گزشتہ تین ماہ کے دوران PTM ہوئی ہے، جبکہ 42% والدین کے مطابق 'نہیں' گزشتہ تین ماہ کے دوران ایسی کوئی میٹنگ منعقد نہیں ہوئی۔ جبکہ 1% والدین نے اس حوالے سے کسی رائے کا اظہار نہیں کیا۔


**"برائے مہربانی بتائیں کہ کیا گزشتہ 3 مہینوں میں پیرینٹس ٹیچر میٹنگ (parent-teacher meeting) ہوئی یعنی وہ میٹنگ جس میں بچے کی تعلیمی کارکردگی، رویے اور غیر نصابی سرگرمیوں پر بات چیت کی جاتی ہے؟"**




*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

گیلانی ریسرچ فاؤنڈیشن کا حالیہ سروے گیلپ انٹرنیشنل سے منسلک گیلپ اور گیلانی پاکستان کی مدد سے کیا گیا۔ یہ سروے پاکستان کے چاروں صوبوں کی دیہی و شہری آبادی کی 1415 خواتین اور مرد حضرات سے 18 مارچ 2026 تا 31 مارچ 2026 میں کیا گیا ہے۔ غلطی کے امکان کا تخمینہ شماریاتی طور پر 95% اعتماد کے ساتھ تقریباً 3%-±2 لگایا گیا ہے۔ اس سروے میں ڈیٹا اکٹھا کرنے کا طریقہ فون انٹرویو تھا۔

**دیہی—شہری علاقوں کے اعتبار سے نتائج:** PTMs شہری اسکولوں میں نمایاں طور پر زیادہ عام ہے۔ شہری علاقوں کے 66% والدین نے بتایا کہ گزشتہ تین ماہ کے دوران اُن کے اور ٹیچرز کے درمیان میٹنگ (PTM) ہوئی ہے، جبکہ دیہی علاقوں میں یہ شرح 52% رہی۔ اس کے برعکس، دیہی والدین کی 47% شرح کا یہ کہنا تھا کہ بچوں کی تعلیمی کارکردگی پر بات چیت کیلئے ایسی کوئی میٹنگ منعقد نہیں ہوئی ہے، جبکہ شہری علاقوں میں یہ شرح 33% رہی، جو والدین اور اساتذہ کے درمیان رابطے کے حوالے سے شہری اور دیہی علاقوں میں واضح فرق کی نشاندہی کرتے ہیں۔




*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

مجموعی طور پر، نتائج سے ظاہر ہوتا ہے کہ اگرچہ زیادہ تر والدین نے باقاعدہ والدین اور اساتذہ کی میٹنگز (PTMs) ہونے کی اطلاع دی، تاہم یہ عمل تمام اسکولوں میں یکساں نہیں ہے۔ شہری اور دیہی علاقوں کے درمیان 14 فیصد پوائنٹس کا فرق اسکولوں کے طریقہ کار میں ایک نمایاں فرق کی نشاندہی کرتا ہے۔ خاص طور پر دیہی اسکولوں میں والدین اور اسکول کے درمیان باقاعدہ رابطے کو مزید مضبوط بنانا ضروری ہے تاکہ والدین کی مسلسل شمولیت کو فروغ دیا جا سکے اور پاکستانی بچوں کے طویل مدتی تعلیمی نتائج کو بہتر بنانے میں مدد مل سکے۔

**Opinion Poll from Gallup Pakistan**
*The Pakistani Affiliate of Gallup International*

GILANI RESEARCH FOUNDATION

**Thursday, 27th August 2026**

*(3 Pages, Urdu version only)*

***Gilani Research Foundation is a not-for-profit public service project to provide social science research to students, academia, policymakers, and concerned citizens in Pakistan and across the globe.***

*Gilani Research Foundation is headed by Dr. Ijaz Shafi Gilani who pioneered the field of opinion polling in Pakistan and established Gallup Pakistan in 1980. Currently, Dr. Gilani, who holds a PhD from the Massachusetts Institute of Technology (MIT) and has taught at leading universities in Pakistan and abroad, is Chairman of Gallup Pakistan.*

*If you have any further questions regarding this poll, please feel free to contact us.*

*Best Regards,*
*Gallup Pakistan*

***Disclaimer:*** *Gallup Pakistan is not related to Gallup Inc. headquartered in Washington D.C. USA. We require that our surveys be credited fully as* ***Gallup Pakistan*** *(not Gallup or Gallup Poll). We disclaim any responsibility for surveys pertaining to Pakistani public opinion except those carried out by* ***Gallup Pakistan, the Pakistani affiliate of Gallup International Association.***

*For more details about the Gallup International Association and to stay connected, please visit:*

- Official Website: www.gallup-international.com
- Instagram: https://www.instagram.com/gallup_international
- Facebook: https://www.facebook.com/people/Gallup-International-Association/100089179655116/
- LinkedIn: https://www.linkedin.com/company/gallup-international-association

Daily Gilani Poll 2026

celebrating 46 years of Gallup Pakistan (1980-2026)